بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

ایمان بالرُّسُل

تمام رسولوں پر ایمان لانا۔
جن میں سب سے پہلے رسول
نوح علیہ السلام ہے اور آخری
رسول محمد ﷺ ہے۔



اور یہ عقیدہ ہونا کہ وہ مخلوق
میں سب سے بہترین لوگ
ہے۔



رسول اس کتاب پر جو ان کے
پروردگار کی طرف سے ان پر
نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور
مومن بھی۔ سب خدا پر اور اس
کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں
پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان
رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) ہم
اس کے پیغمبروں سے کسی میں
کچھ فرق نہیں کرتے۔

سورۃ البقرہ :285

بعض نبیوں کے نام



اللہ نے بیشمار رسول بھیجے، ان میں سے چند کے نام یہ ہیں۔



نوح علیہ السلام ھود علیہ السلام

صالح علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام

اسمائیل علیہ السلام اسحاق علیہ السلام

یعقوب علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام

یوسف علیہ السلام ھارون علیہ السلام



ایوب علیہ السلام شعیب علیہ السلام

عیسی علیہ السلام یحییٰ علیہ السلام

آخری رسول محمد ﷺ



رسول جن باتوں کی طرف ہمیں
بلاتے ہیں، ان میں یہ ہے۔

ایک اللہ کی عبادت جس کے
ساتھ کوئی شریک نہیں ۔



انسانوں کے بنائے ہوئے
قانون پر نہ چلو بلکہ اللہ کی
ھدایت پر چلو۔

ہم نے ہر اُمّت میں ایک رسُول
بھیج دیا، اور اُس کے ذریعہ سے
سب کو خبر دار کر دیا کہ ''اللہ
کی بندگی کرو اور طاغوت کی
بندگی سے بچو۔

سورۃ نحل :36



رسولوں پر ایمان کے فائدے



جہاں بھی رسول بھیجے گئے وہاں
اللہ کی رحمت ہوتی ہے۔




رسول بشارت دینے والے اور
ڈرانے والے بنا کر بھیجے گئے ۔

رسول سے محبت کی وجہ سے
انسان ان کے اسوہ پر چلنے کو بہت
پسند کرتا ہے ۔

درحقیقت تم لوگوں کے لیے
اللہ کے رسولؐ میں ایک بہترین
نمونہ تھا ۔

سورۃ احزاب:21



میں سارے انبیاء کرام علیہم
السلام سے محبت کرتا ہوں ۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

قرآن کریم کی کونسی سورتیں انبیاء کرام کے نام سے ہے؟

- سورۃ محمد ☐
- سورۃ ابراہیم ☐
- سورۃ نوح ☐
- سورۃ ھود ☐
- سورۃ یوسف ☐
- سورۃ یونس ☐
- سورۃ کہف ☐
- سورۃ بروج ☐

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سارے انبیاء کس بات کی دعوت دیتے تھے؟

- توحید
- کچھ عبادات کی

پہلے رسول کون ہے؟

- ابراہیم علیہ السلام
- نوح علیہ السلام

آخری رسول کون ہے؟

- محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- موسیٰ علیہ السلام

ایمان بالیوم الآجر

اس بات پر ایمان لانا کہ وہ دن سب کو اپنے اعمال کا بدلہ ملے گا ۔



اسے یوم آخر اس لئے کہا جاتا ہے کہ اسکے بعد کوئی دن نہیں ہوگا۔



اور ایمان والے لوگ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

سورۃ البقرہ :4

اس دن جن کے نیک اعمال بھاری ہوں گے وہ بہت مزے میں ہوں گے، اور جن کے نیک اعمال کم ہوں گے وہ خسارے میں ہوں گے۔



آخرت کی تیاری



جو آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں ان پر واجب ہے کہ اس کے لئے تیاری کریں۔



جن کاموں کا اللہ نے حکم دیا اسے بجا لانا۔ جیسے توحید ، نماز پڑھنا، سچ بولنا۔

جن کاموں سے اللہ نے روکا ہے ان سے دور رہنا۔ جیسے کہ شرک، جھوٹ، والدین کی ناشکری۔




میں آخرت کی تیاری کرتا ہوں، جس کے لئے نیک کام کرتا ہوں اور برے کام سے اجتناب کرتا ہوں ۔

ایمان بالیوم الآخر کے فائدے



انسان نیک کام کا حریث بنتا ہے ۔

انسان برے کاموں سے احتیاط کرتا ہے ۔



اس سے مومن کو تسلی ملتی ہے کہ اس دنیا میں جس چیز سے وہ محروم رہا اس سے آخرت کی نعمتوں کی امید رکھتا ہے۔

نیک لوگوں کی صحبت میں رہنا پسند کرتا ہے ۔

اللہ کی رضا کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھتا ہے ۔

غلطی ہو جائے تو نادم ہوتا ہے اور دوبارہ اس سے دور رہتا ہے ۔



صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سورۃ القارعۃ میں آخرت کے دن انسان کونسے حالات سے گزرے گا بتایا گیا؟

- بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے۔
- جس کے پلڑے بھاری ہوں گے وہ مزے کریں گے ۔
- جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہ آگ میں جائیں گے۔
- سب خاموش ہوں گے ۔
- اس دن لوگ ایک دوسرے کی مدد کریں گے ۔

ایمان بالقدر



اس بات پر ایمان لانا کہ جو کچھ اچھا یا برا ہوتا ہے وہ خدا کے حکم اور مرضی سے ہوتا ہے ۔



ہم نے ہر چیز ایک تقدیر کے ساتھ پیدا کی ہے۔

سورۃ قمر:49



انسان کو جو بھی خوشی ملتی ہے اور جو بھی غم پہنچتا ہے وہ سب اللہ کے پاس ایک کتاب میں لکھا ہوا ہے ۔

اللہ رحمن اور رحیم ہے۔ اپنے بندوں کا بھلا ہی کرتا ہے ۔

ایمان بالقدر کے فائدے



اللہ پر بھروسا رہتا، اللہ سے اچھی امید رہتی، اس پر کامل سپردگی نصیب ہوتی ہے ۔

زہنی سکون ملتا ہے، آفات کے وقت مایوس نہیں ہوتا۔



ان سے کہو ”ہمیں ہر گز کوئی ﴿بُرائی یا بھلائی﴾ نہیں پہنچتی مگر وہ جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دی ہے۔

سورۃ توبہ :51

مومن تکلیف کے وقت صبر کرتا ہے ۔ وہ گھبراتا نہیں ہے اور ڈگمگاتا نہیں۔



خوشی کے وقت شکر کرتا ہے ۔
وہ دکھاوا نہیں کرتا اور تکبر
نہیں کرتا ۔



کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ ہر
خیر اور شر اللہ کے حکم اور
اسکی مرضی سے ہوتا ہے ۔



صہیب رض روایت کرتے
ہیں : نبی ﷺ نے فرمایا :
مومن کا معاملہ کتنا عجیب ہے۔
بیشک اس کے تمام معاملات
اس کے لئے خیر ہے ۔ یہ بات
مومن کے سوا کسی کے لیے
نہیں، اگر اسے خوشی نصیب
ہوتی ہے تو وہ شکر کرتا ہے،
اور یہ اس کے لیے اچھا ہے۔
اور اگر اسے کوئی مصیبت پہنچے
تو وہ صبر کرتا ہے اور یہ اس
کے لیے اچھا ہے ۔



مسلم:2999

صحیح جواب سے جوڑیں

- تکلیف کے وقت — شکر
- خوشی کے وقت — صبر
- کس وقت دکھاوا اور تکبر نہیں کرنا ہے — تکلیف
- کس وقت گھبرانا اور ڈگمگانا نہیں ہے — خوشی
- صبر اور شکر کا معاملہ خاص کس کا ہے — مومن

مصیبت کے وقت میں یہ دعا کہتا ہوں



اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ،
اَللّٰھُمَّ أْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَ
اَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا۔


بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس سے بہتر بدل عطا فرما۔

مسلم:918

ہمیں اللہ کا ہر وقت شکر کرنا چاہیے۔
اللہ شکر کرنے والوں کو مزید نعمتیں عطا کرتا ہے ۔

نبی ﷺ کی بتائی ہوئی مسنون دعائیں پڑھتے رہنا چاہیے۔

ایمان بالقدر چھٹا رکن ہے۔



صحیح جواب سے جوڑیں

ارکان ایمان کو صحیح نمبر سے ملائیں

ایمان باللہ	3
ایمان بالملائکہ	4
ایمان بالکتب	2
ایمان بالرسل	1
ایمان بالیوم الآخر	6
ایمان بالقدر	5

3,4 5,6

ارکان ایمان کا صحیح راستہ بنائیں

ایمان باللہ




1

ایمان بالملائکہ



2

ایمان بالکتب ایمان بالرسول ایمان بالیوم الآخر ایمان بالقدر





6



5



4



3